DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.04.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہندوتاجر کے اغواء کانوٹس لے لیا، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بھارتی عزائم خطےاور عالمی امن کیلئے مستقل خطرہ ہیں، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | ریاستی ادارے ہر سازش کوناکام بنانے کے لئے تیار ہیں، نورمحمد دمڑ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کیلئے حکومتی رٹ قائم ہے، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | مینابلوچ کی قیادت میں بلوچستان میں کھیلوں کی ترقی کا یہ سفر جاری ہے | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ہاکی چوک پرسلپ روڈ کی تعمیر شروع کی جائے، بلوچستان ہائیکورٹ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | عدالت نے سمنگلی روڈ پرفلائی اوور کی تعمیر کامنصوبہ روک دیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان کا بجٹ 20 جون کوپیش ہوگا، مجموعی حجم 1 کھرب سے زائد ہونے کا امکان | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | ظہورشاہ ہاشمی کی علمی وادبی خدمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، سی سی جامعہ گوادر | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | حکومت نے گوادر پورٹ سے پوٹاشیم سلفیٹ برآمد کرنے کی اجازت دیدی | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | محکمہ خزانہ میں تمام تقرریاں میرٹ پرعمل میں لائی گئی ہیں، سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان کی گاڑیوں کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجراء کا حتمی فیصلہ کرلیاگیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | آئی جی ایف سے ساؤتھ کی ہدایات، سیندک پروجیکٹ میں شاندار بلوچ ثقافتی تقریب | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | ہرنائی نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ میں تعیناتی کے احکامات تقسیم | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | چمن کے راستے 41 ہزار مہاجر افغانستان واپس جاچکے ہیں، ڈی سی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | پشتونخوامیپ میں عوام کی شمولیت پارٹی کی درست سیاست کانتیجہ ہے، | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | خواتین کی معاشی خودمختاری کیلئے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں، ایڈیشنل چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | حکمران اپنی پالیسیوں پرایک روزضرور پچھتائینگے، خوشحال کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | کوئٹہ اساتذہ کونوکری سے برخاست کرنے کامراسلہ، اعلیٰ حکام کوارسال | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

کچلاک سے تین روزقبل لاپتہ ہونے والے کی نعش برآمد، ڈی ایم جمالی ہندوتاجر کے اغواء کیخلاف سندھ بلوچستان قومی شاہراہ بلاک، سبی اورڈھاڈر میں دستی بم وکریکر دھماکے خوف وہراس، پسنی میں بم دھماکہ دوافراد جاں بحق، ایک زخمی، پولیس تھانہ سٹی کی کامیاب کارروائی، مفرور ملزم گرفتار،

## مسائل:

قصابوں نے سرکاری نرخ نامہ ہوامیں اڑادیا من مانی قیمتوں پرگوشت کی فروخت جاری، کلی مبارک کے مکین مختلف مسائل کاشکار، حکام فوری نوٹس لیں
سیٹلائٹ ٹاؤن مین نکاسی آب کانظام درہم برہم، عوام کومشکلات کاسامنا،

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 28.04.2025

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"صوبوں میں پانی تقسیم فارمولے پر اختلافات ،پانی کی منصفانہ تقسیم ،مسئلے کا حل!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ سندھ میں اس وقت گرین پاکستان منصوبے کے تحت نہریں نکالنے کے خلاف شدید احتجاج جاری ہے ،سندھ کی تمام سیاسی وقوم پرست جماعتیں نہریں نکالنے کے منصوبے کیخلاف ہیں اور وفاقی حکومت کیخلاف سراپا احتجاج ہیں جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے بھی پانی تقسیم کے معاملے پر وفاق کے سامنے اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا ہے صوبوں کے درمیان پانی تقسیم کا معاملہ دیرینہ ہے اور آج بھی یہ مسئلہ اپنی جگہ برقرار ہے ہر صوبے کو یہ شکایت ہے کہ انہیں اپنے حصے کا پانی نہیں دیا جارہا خاص کر سندھ اور پنجاب کے درمیاں پر مسئلہ دیرینہ ہے 1991 میں پانی کی تقسیم کا معاہدہ ہونے کے کچھ عرصے بعد سندھ اور پنجاب میں پانی کی تقسیم پر اختلافات پیدا ہو گئے تھے اور پنجاب نے 1992 کے معاہدے کو مسترد کرتے ہوئے پانی کی تقسیم تاریخی حصص کی بنیاد پر حاصل کرنا شروع کر دیا تھا، معاشی بحالی سمیت کئی طرح کے چیلنجز میں گھری پاکستان کی وفاقی حکومت نے اُڑان پاکستان کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا ہے جو اقتصادی اور اقوام عالم میں کھوئے ہوئے مقام کے حصول کے لیے ایک بڑے سفر اور نئی صبح کا آغاز ہے۔اس پروگرام کا مقصد برآمدات کے فروغ کے ذریعے اقتصادی ترقی کا حصول ہے، اس میں، ای پاکستان، ماحولیات ،توانائی ، برابری و بااختیار بنانے سمیت فائیو ایز " کو بنیاد بنایا گیا ہے۔اس منصوبے کی کامیابی کے لیے قومی یکجہتی اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور حکومت کی یہ سوچ ہے کہ ملک کو آگے لے جانے کے لیے اب اشرافیہ کو قربانی دینا ہو گی۔وفاق،صوبوں اور تمام شراکت داروں کے تعاون سے، ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھا جائے۔

## مضامین:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے 1970 **"مزہب کی آڑ میں دھشتگردی کا گھناؤنا کھیل "** کے عنوان سے جاوید نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 APR 2025 Page No. 1


## نصیر آباد سے ہندو تاجر کا اغواء، وزیر اعلیٰ نے سخت نوٹس لے لیا

**مغوی کی بحفاظت بازیابی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، حکومتی ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے نصیر آباد میں ہندو تاجر کے اغواء کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیا ہے انہوں نے کہا کہ واقعہ انتہائی تشویشناک ہے اور حکومت مغوی تاجر کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے ترجمان نے بتایا کہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری طرح متحرک ہیں اور جلد مثبت پیشرفت متوقع ہے واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی شاہد رند نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہندو تاجر کے اغواء کا نوٹس لے لیا

**حکومت بحفاظت بازیابی کیلئے وسائل بروئے کار لا رہی ہے، ترجمان حکومت**

**سخت کارروائی ہوگی، ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، شاہد رند**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نصیر آباد میں ہندو تاجر کے اغواء کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیا ہے انہوں نے کہا کہ واقعہ انتہائی تشویشناک ہے اور حکومت مغوی تاجر کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے ترجمان صوبائی حکومت نے بتایا کہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری طرح متحرک ہیں اور جلد مثبت پیشرفت متوقع ہے انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت.........

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

نہیں دی جائے گی شاہد رند نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

INTEKHAB QUETTA

## ڈی ایم جمالی: ہندو تاجر کا اغواء، سندھ بلوچستان قومی شاہراہ بلاک، وزیر اعلیٰ کا نوٹس

**ڈی سی چوک پر دھرنا دیکر قومی شاہراہ بلاک کردی جس کے باعث سندھ اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک معطل ہوگئی، مظاہرین نے پولیس کو اٹھارہ گھنٹے کا الٹی میٹم دیا**

**واقعہ انتہائی تشویشناک ہے اور حکومت مغوی تاجر کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، ترجمان صوبائی حکومت**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے ہندو تاجر کے اغواء کے خلاف تاجر برادری کا شدید احتجاج ڈی سی چوک پر دھرنا قومی شاہراہ بلاک کردی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب منگولی پولیس تھانے کی حدود گوٹھ کٹوہر کے قریب مسلح آٹھ افراد نے مشہور ہندو تاجر سیتل کمار کو اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے جس پر تاجر برادری سراپا احتجاج ہے چوبیس گھنٹے گزرنے کے باوجود مغوی تاجر کی عدم بازیابی پر اتوار کیو ڈیرہ مراد جمالی میں تاجروں نے شدید احتجاج کیا اور ڈی سی چوک پر دھرنا دیکر قومی شاہراہ

بقیہ نمبر 51 صفحہ 5 پر

بلاک کردی جس کے باعث سندھ اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک معطل ہوگی مظاہرین نے پولیس کو اٹھارہ گھنٹے کا الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا کہ مغوی کی با حفاظت بایابی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر ڈیرہ مراد جمالی میں غیر معنیہ مدت تک احتجاج کریں گے۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نصیر آباد میں ہندو تاجر کے اغواء کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیا ہے انہوں نے کہا کہ واقعہ انتہائی تشویشناک ہے اور حکومت مغوی تاجر کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے ترجمان صوبائی حکومت نے بتایا کہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری طرح متحرک ہیں اور جلد مثبت پیشرفت متوقع ہے انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی شاہد رند نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 APR 2025 Page No. 2


## بھارتی عزائم خطے اور عالمی امن کیلئے مستقل خطرہ ہیں، شعیب نوشیروانی

### فالس فلیگ آپریشن کا پردہ فاش ہو چکا ہے، جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے بھارتی عزائم کو خطے اور عالمی امن کے لیے مستقل خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انڈیا کے فالس فلیگ آپریشن کا پردہ فاش ہو چکا ہے اگر بھارت نے پاکستان کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت یا مہم جوئی کی تو اسے بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا شعیب نوشیروانی نے بیان میں کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور ہم ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کے خواہاں رہے ہیں تاہم کسی بھی چیلنج یا خطرے کی صورت میں قوم متحد ہو کر اپنے وطن کا دفاع کرنا جانتی ہے۔ بلوچستان کے عوام ماضی کی طرح آج بھی ملکی دفاع اور قومی یکجہتی کے لیے ہر سطح پر اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبے، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری اس سوچ کا مظہر ہیں کہ ہم نہ صرف ترقی بلکہ پائیدار امن کے خواہاں ہیں۔

## ریاستی ادارے ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے تیار ہیں، نور محمد دمڑ

### پشین میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی قابل تحسین ہے، بیان

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے پشین میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کر کے 9 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سی ٹی ڈی/سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشین آپریشن میں دہشت گردوں کا خاتمہ ریاستی اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظہر ہے سی ٹی ڈی اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے انتھک محنت کر رہے ہیں ان کی شب و روز کی کوششوں کے باعث دہشت گردوں کا نیٹ ورک مسلسل کمزور ہو رہا ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ ریاستی ادارے مکمل فعال، باخبر اور ہر سازش کو ناکام بنانے کے لیے تیار ہیں۔


MEEZAN QUETTA


## بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کیلئے حکومتی رٹ قائم ہے، بخت محمد کاکڑ

### صحت سہولیات کی فراہمی عام شہری تک پہنچانے کیلئے مختلف پروجیکٹ پر کام جاری ہے جس کے اثرات جلد آنا شروع ہو جائینگے، وزیر صحت بلوچستان

### محکمہ صحت سمیت دیگر محکموں میں میرٹ کے مطابق نوجوانوں کو بھرتی کرے گی تاکہ بلوچستان میں بے روزگاری کا خاتمہ ہو سکیں، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی عوام کے تحفظ کیلئے حکومتی رٹ قائم ہے اور رہے گا اس حوالے سے سیکورٹی فورسز نے جو قربانی دی ہے اس پر بلوچستان کے عوام ہمیشہ ان پر فخر کرے گی اور ان کے ساتھ ملکر دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ہر قسم کی کوششوں کو بروئے کار لائینگے صحت سہولیات کی فراہمی عام شہری تک پہنچانے کیلئے مختلف پروجیکٹ پر (بقیہ 8 صفحہ 2 پر)

کام جاری ہے جس کے اثرات جلد آنا شروع ہو جائے گی' یہ بات انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' اس موقع پر پرسنل سیکرٹری امان اللہ کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے' انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے اس کو مزید ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا واضح وژن ہے صوبائی کابینہ میں شامل تمام وزراء اس پر کام کر رہی ہے اور مختلف محکموں کے ذریعے عوام کے مسائل بھی ہو رہے ہیں بلوچستان میں سب سے اہم مسئلہ امن وامان بے روزگاری کا خاتمہ ہے صوبائی حکومت میں آتے ہی ان دونوں پر کام شروع کیا اور اس وقت اگرچہ دہشت گردی پر مکمل نہیں پایا گیا لیکن کئی حد تک کامیابی ضرور حاصل کی ہے مزید کامیابی کی ضرورت ہے جہاں تک بے روزگاری کا مسئلہ ہے مختلف محکموں میں ہزاروں کی تعداد میں آسامی اخبارات میں آئیں اور نوجوان اپنے کاغذات بھی جمع کرا رہے ہیں مگر صحت سمیت دیگر محکموں میں میرٹ کے مطابق نوجوانوں کو بھرتی کرے گی تاکہ بلوچستان میں بے روزگاری کا خاتمہ ہو سکیں۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 APR 2025 Page No. 3

# مینا بلوچ کی قیادت میں بلوچستان میں کھیلوں کی ترقی کا یہ سفر جاری ہے

صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان کی خصوصی دلچسپی اور مخلصانہ کوششوں سے کوئٹہ میں کھیلوں کے فروغ کا نیا باب رقم ہورہا ہے

انہی کی سرپرستی میں کوئٹہ بیڈمنٹن اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح ستائیس جنوری بروز اتوار، ابرار ہال ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں عمل میں آیا

کوئٹہ(ن ن) صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کی خصوصی دلچسپی اور مخلصانہ کوششوں سے کوئٹہ میں کھیلوں کے فروغ کا نیا باب رقم ہورہا ہے۔ انہی کی سرپرستی میں کوئٹہ بیڈمنٹن اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح ستائیس جنوری بروز اتوار، ابرار ہال ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں عمل میں آیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے کوئٹہ عمران حیات تھے۔ تقریب کے دوران معین اور احتشام کے (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

درمیان نمائشی میچ کا انعقاد کیا گیا جس نے شائقین کو بھرپور تفریح فراہم کی۔ یہ اکیڈمی محترمہ مینا مجید بلوچ کے وژن کا عملی مظہر ہے، جنہوں نے ہمیشہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور کھیلوں کے فروغ کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا۔ کوئٹہ بیڈمنٹن اکیڈمی کے صدر اسامہ خالد، جنرل سیکریٹری فیض اللہ خان کاکڑ اور خزانچی محمد صابر کاسی سمیت تمام عہدیداران نے محترمہ مینا مجید بلوچ کی قیادت میں بیڈمنٹن کھیل کو مزید فروغ دینے کا عزم ظاہر کیا۔ اکیڈمی کے بیڈمنٹن کوچ فیض اللہ کاکڑ کی محنت بھی قابل ستائش ہے، جن کی زیر نگرانی نوجوان کھلاڑیوں کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کی جائے گی۔ اکیڈمی کی فعالیت سے کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں بیڈمنٹن کے شعبے میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ محترمہ مینا مجید بلوچ کی قیادت میں صوبہ بلوچستان میں کھیلوں کی ترقی کا یہ سفر کامیابی سے جاری ہے، جس سے نوجوانوں کو اپنے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کے بہترین مواقع میسر آرہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated. 28 APR 2025 Page No. 4


## ہاکی چوک پر سلپ روڈ کی تعمیر شروع کی جائے، بلوچستان ہائیکورٹ

**زرغون روڈ کی توسیع کا مقصد ذہن میں رکھنا ضروری**

**توسیع کوئٹہ شہر کے شمال اور جنوب کی آبادی کے درمیان اہم شریان، وفاقی اور صوبائی اداروں کے متعلقہ سربراہان کے دستخطوں کیساتھ رپورٹ پیش کرنیکی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل عدالت عالیہ بلوچستان کے دورکنی ڈویژنل بینچ نے ایڈووکیٹ سید نذیر آغا کی توسیع زرغون روڈ پر کام کی پیشرفت سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کی، سماعت کے دوران دورکنی ڈویژنل بینچ کو پروجیکٹ ڈائریکٹر، وزیراعلیٰ بلوچستان منصوبہ برائے تعمیر کوئٹہ محمد رفیق بلوچ نے ایڈووکیٹ اسحاق ناصر کے ساتھ پیشرفت رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق اب تک ہاکی گراونڈ، ریلوے ریسٹ ہاؤس اور (پاکستان ریلویز) کے احاطے کو چھوڑ کر سریاب پل/ سی این جی پمپ سے اے جی آفس تک بجلی کے کھمبوں کے لیے کھدائی مکمل ہو چکی ہے، اور فی الحال دیلی پٹی اور ہیڈ کنکریٹ پر کام جاری ہے، اب تک 220 میٹر کام مکمل ہو چکا ہے۔ سائنس کالج اور پرنس روڈ کے چوراہے پر سلپ روڈز کا ڈیزائن اور لے آؤٹ مکمل ہو چکا ہے اور اس کی درست حد بندی کر دی گئی ہے۔ سائنس کالج کوئٹہ کے پرنسپل، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، سول ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور سیکرٹری محکمہ صحت سے مشاورت جاری ہے۔ تاہم محکمہ کی جانب سے باضابطہ نو آبجیکشن سرٹیفکیٹس (این او سی) کا انتظار ہے۔ مجموعی پیش رفت کو تیز کرنے کے لیے، پرنسپل کی رہائش گاہ پر متاثرہ کمروں کی متبادل تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا، اے جی آفس اور ڈی ای این، پاکستان ریلوے کوئٹہ کے ساتھ بات چیت جاری ہے تاکہ ان کے احاطے میں دیوار کی تعمیر کی اجازت حاصل کی جا سکے۔ ایک ماڈل (EV) ویکیوم کلیننگ مشین خریدی اور تعینات کی گئی اور انسکب سائٹ پر جانچ کی گئی۔ بقیہ حصے کی شجرکاری جاری ہے۔ ڈیزائنر، ڈاکٹر ملک ثاقب، معزز عدالت کی ہدایت کے مطابق مندرجہ ذیل اجزاء کی از سرنو تشکیل/ ڈیزائن کا کام شروع کرنے کے لیے کل تک پہنچیں گے۔ سریاب پل کی توسیع، سریاب پھاٹک چوراہا، پشین اسٹاپ ایریا، ریلوے ٹریک کے ساتھ چمن پھاٹک کو کوئلہ پھاٹک سے لنک کرنا، درخواست گزار کو رپورٹ کی کاپی فراہم کر دی گئی ہے جو اس کے اطلاع کے لیے وقت مانگا ہے۔ عدالت کے استفسار کے جواب میں، پروجیکٹ ڈائریکٹر نے کہا کہ آج مطلوبہ بونسس پہنچنے کا امکان تھا، لیکن عدالت کی کارروائی کی وجہ سے وہ تازہ ترین اپ ڈیٹ کے بارے میں لاعلم ہیں اور اس کے بارے میں پوچھ گچھ کے بعد عدالت کو اس کے مطابق مطلع کریں گے۔ عدالت کے استفسار کے جواب میں پروجیکٹ ڈائریکٹر وزیراعلیٰ بلوچستان منصوبہ برائے تعمیر کوئٹہ نے مزید کہا کہ اگرچہ زرغون روڈ کے مغربی جانب ڈرین کا کام جاری ہے کہ بجلی کے کھمبوں، گیس پائپ لائن، پی ٹی سی ایل کے فائبر آپٹک اور ٹیلی فون کا پروائر لائن کی منتقلی یوٹیلیٹی کوریڈور کی تکمیل کے التوا کی وجہ سے ابھی تک شروع نہیں ہو سکی ہے، جس کے لیے ایس ایس جی سی ایل کو گیس پائپ لائن کی منتقلی کے لیے آبنائے لائن کی ضرورت ہے اور اسی طرح پی ٹی سی ایل نے بھی ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا ہے۔ پی ٹی سی ایل کی جانب سے پیش ہونے والے ایڈووکیٹ رفیع اللہ بڑیچ کو ہدایت کی گئی کہ وہ جواب کو یقینی بنائیں اور پراجیکٹ ڈائریکٹر کو فائبر آپٹکس اور ٹیلی فون کا پروائر لائن کو منتقل کرنے کی تخمینہ لاگت کے بارے میں مطلع کریں۔ ماہر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل، ڈائریکٹر جنرل اکاؤنٹس اکیڈمی سید محمد قدیر، کوئٹہ کی مدد سے ریونیو ریکارڈ کے خلاصے پیش کیے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان آڈٹ ڈیپارٹمنٹ اور اکاؤنٹس اکیڈمی کو 133564 مربع فٹ جگہ الاٹ کی گئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ ریلوے کی جانب سے اکیڈمی کو ابھی تک تقریباً 10,000 مربع فٹ جگہ فراہم نہیں کی گئی ہے کہ سڑک کی توسیع کے لیے باؤنڈری والز کی تعمیر کی ضرورت ہے جس میں بنیادی طور پر اکیڈمی کے سامنے تقریباً 15000 مربع فٹ زمین استعمال کی جائے گی۔ اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل کا موقف تھا کہ چونکہ اکیڈمی کے سامنے کی زمین پارکنگ کے مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی ہے اور سڑک کی توسیع اور باؤنڈری وال کی تعمیر کے بعد اکیڈمی کو پارکنگ کی گنجائش نہیں رہے گی، اس لیے انہوں نے استدعا کی کہ اکیڈمی کی بچ جانے والی 10000 مربع فٹ زمین کو اکیڈمی کی کار پارکنگ کے لیے دوبارہ تیار کیا جائے۔ اس طرح کی درخواست کے پیش نظر ماہر اسسٹنٹ اٹارنی جنرل ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو کار پارکنگ کی تعمیر کے لیے اکیڈمی کو زمین کی فراہمی کے بارے میں مطلع کریں گے تاکہ زرغون روڈ کی توسیع میں مزید تاخیر سے بچا جا سکے۔ تاہم عدالت کے استفسار پر پراجیکٹ ڈائریکٹر سی ایم کیو ڈی پی نے بتایا کہ ہاکی چوک پر سلپ روڈ کی تعمیر کے لیے مذکورہ علاقے کے چاروں اطراف باؤنڈری والز بنا دی گئی ہیں جبکہ سائنس کالج سول ہسپتال چوک پر بھی تعمیراتی کام جاری ہے تاہم امداد چوک پر سلپ روڈ پر تعمیراتی کام میتھوڈسٹ چرچ کی درخواست پر شروع نہیں ہو سکا جس نے چوک کی توسیع کے منصوبے کو رضاکارانہ طور پر زمین عطیہ کرنے کے لیے پیش کی لیکن سیلولر ٹاور کو ہٹانے کے لیے کچھ وقت مانگا۔ دورکنی بینچ کے معزز ججز نے پراجیکٹ ڈائریکٹر کے بیان کے مطابق ہاکی چوک پر نہ تو مزید زمین کی حصول کا انتظار ہے اور نہ ہی کسی تعمیر کی ضرورت ہے لہٰذا انہوں نے فوری طور پر ہاکی چوک پر سلپ روڈ کی تعمیر شروع کرنے کی ہدایت کی۔ زرغون روڈ پراجیکٹ کی توسیع کا بنیادی مقصد ذہن میں رکھا جائے کہ زرغون روڈ کی توسیع کوئٹہ شہر کے شمال اور جنوب کی آبادی کے درمیان ایک اہم شریان کی طرح ہے اور اس حوالے سے رپورٹ وفاقی اور صوبائی اداروں کے متعلقہ سربراہان کے دستخطوں کے ساتھ اگلی تاریخ سماعت پر پیش کی جائے۔ اس آرڈر کی کاپی ماہر ایڈیشنل اٹارنی جنرل، پاکستان (بلوچستان) کو بھیجی جائے اور اس پراجیکٹ کی بروقت تکمیل کے لیے وفاقی اور صوبائی اداروں کے متعلقہ سربراہان کو اپنے اپنے حصے میں زیر التواء تمام متعلقہ کاموں کو تیز کرنے کے لیے ہدایات کے ساتھ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو بھیجا جائے۔ سماعت کو 15 مئی 2025 تک ملتوی کر دی گئی۔

## عدالت نے سمنگلی روڈ پر فلائی اوور کی تعمیر کا منصوبہ روک دیا

**کم لاگت منصوبہ لانے کے لیے انڈر پاس تعمیر کیا جائے، دورکنی بنچ کے ریمارکس**

کوئٹہ (خ ن) جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل عدالت عالیہ بلوچستان کے دورکنی ڈویژنل بینچ نے سمنگلی روڈ پر فلائی اوور تعمیر کرنے سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے فلائی اوور کی تعمیر اور اس کے لیے زمین کے حصول پر 4200 ملین روپے خرچ ہونے کے امکان ظاہر ہونے کی وجہ سے پروجیکٹ ڈائریکٹر وزیراعلیٰ بلوچستان منصوبہ برائے تعمیر کوئٹہ کو اس کی تعمیر سے روک دیا اور مذکورہ روڈ پر کم لاگت منصوبہ لانے کے لیے انڈر پاس تعمیر کرنے کی ہدایت کی۔ سماعت کے دوران جب پروجیکٹ ڈائریکٹر وزیراعلیٰ بلوچستان منصوبہ برائے تعمیر کوئٹہ سے سمنگلی روڈ پر انڈر پاس کی تعمیر کی فزیبلٹی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے سمنگلی روڈ پر مشرق سے مغرب تک انڈر پاس کی تعمیر کی تجویز پر کام کرنے کے لیے تازہ سروے کرنے کے لیے وقت مانگا۔ اسے مزید ہدایت کی گئی کہ وہ دونوں صورتوں (یعنی فلائی اوور اور انڈر پاس) میں زمینوں کی لاگت اور حصول کے لیے ایک تقابلی جدول مرتب کرے۔ دورکنی بینچ کے معزز ججز نے پروجیکٹ ڈائریکٹر وزیراعلیٰ بلوچستان منصوبہ برائے تعمیر کوئٹہ کو انڈر پاس منصوبے کی فزیبلٹی کے لیے درخواست کردہ مدت کے لیے وقت دیدیا۔ تاہم اگلے احکامات تک فلائی اوور کی تعمیر سے متعلق مزید کوئی کام نہیں کیا جائے گا۔ محمد اسحاق ناصر ایڈووکیٹ اور پراجیکٹ ڈائریکٹر وزیراعلیٰ بلوچستان منصوبہ برائے تعمیر کوئٹہ دونوں نے پیراوائز کمنٹس داخل کرنے کے لیے پٹیشن کی کاپی کی درخواست کی، جس کی کاپی عدالت میں دی گئی ہے۔ اس آرڈر کی کاپی متعلقہ حکام کو معلومات اور تعمیل کے لیے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے دفتر میں بھیجی جائے۔ سماعت کو 15 مئی 2025 تک ملتوی کر دیا گیا۔

## بلوچستان کا بجٹ 20 جون کو پیش ہوگا، مجموعی حجم 1 کھرب سے زائد ہونے کا امکان

**سرکاری تنخواہوں میں اضافہ وفاق کی طرز پر کیا جائیگا، بجٹ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی پیش کرینگے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کا آئندہ مالی سال کا بجٹ 20 جون کو پیش کیا جائیگا جس کا مجموعی حجم ایک کھرب روپے سے زائد ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ تعلیم کیلئے سب سے زیادہ رقم رکھی جائیگی۔ رواں مالی سال کی طرح آئندہ مالی سال کا بجٹ بھی سرپلس ہوگا۔ محکمہ خزانہ کے ذرائع کے مطابق بلوچستان کا 2025-26ء کا بجٹ 20 جون کو وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی صوبائی اسمبلی میں پیش کریں گے جس کیلئے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ صوبے کا آئندہ مالی سال کا غیر ترقیاتی بجٹ 800 ارب اور صوبائی پی ایس ڈی پی کے 250 ارب تک ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ تعلیم کیلئے 170 ارب، صحت اور امن وامان کیلئے 100 ارب روپے رکھے جانے کا امکان ہے۔ صوبے کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ وفاق کی طرز پر کیا جائیگا۔ بجٹ کی تیاری کے حوالے سے صوبائی سیکرٹری خزانہ عمران زرکون کا کہنا ہے کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ عوام دوست اور اسٹیٹ آف آرٹ بجٹ ہوگا جس کیلئے محکمہ خزانہ نے بارہ ماہرین کی خدمات کنٹریکٹ پر حاصل کی گئی ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 28 APR 2025 Page No. 5


## حکومت نے گوادر پورٹ سے پوٹاشیم سلفیٹ برآمد کرنے کی اجازت دیدی

**دو کمپنیوں کو برآمدی اجازت، کسٹمز وی بی او سی سسٹم کے ذریعے نافذ مقداری پابندیوں کی سخت نگرانی کی جائے گی**

گوادر (این این آئی) حکومت نے قانونی ریگولیٹری آرڈر (ایس آر او) جاری کرنے کے بعد گوادر پورٹ سے پوٹاشیم سلفیٹ کی برآمد کی اجازت دے دی، دو کمپنیوں کو برآمد کی اجازت، کسٹمز وی بی او سی سسٹم کے ذریعے نافذ مقداری پابندیوں کی سخت نگرانی کی جائے گی۔ گوادر پرو کے مطابق وفاقی حکومت نے دو کمپنیوں کو گوادر پورٹ سے پوٹاشیم سلفیٹ برآمد کرنے کی اجازت دے دی ہے، ساتھ ہی کسٹمز وی بی او سی سسٹم کے ذریعے نافذ کی جانے والی مقداری پابندیوں کی سخت نگرانی کی جائے گی تاکہ برآمدی اعداد و شمار کو مقررہ وقت پر چیک کیا جا سکے۔ ایس آر او 705(1)/ 2025 کے مطابق وفاقی حکومت نے ہدایت کی ہے کہ ایکسپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں مزید ترمیم کی جائے۔ ایس آر او میں، شیڈول ،، وا،، میں ،، کالم (1) میں ،، سیریل نمبر 12 کے خلاف، کالم (4) میں، لفظ اور عمل اسٹاپ "ایجنسیوں" کے بعد گوادر فری زون میں مینوفیکچرنگ کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے گوادر پورٹ سے پوٹاشیم سلفیٹ (کے ایس او ایکس) ایچ ایس کوڈ: 3104.3000) کی برآمد کو شامل کیا جائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر نارتھ فری زون میں دو بڑی صنعتیں ایکوین پرائیویٹ لمیٹڈ (فرٹیلائزر) اور ہسنکنگ ٹریڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ (گوشت اور زرعی پروسیسنگ) مکمل طور پر قائم اور فعال ہیں۔ نیشنل فرٹیلائزر ڈویلپمنٹ سینٹر کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں پوٹاشیم سلفیٹ کھاد کی مجموعی کھپت 50,000 ٹن سالانہ ہے، جبکہ پاکستان میں کل نصب شدہ پیداواری صلاحیت 65000 ٹن سالانہ ہے، جس میں گوادر فری زون میں سالانہ 20,000 ٹن بھی شامل ہے۔

## ظہور شاہ ہاشمی کی علمی وادبی خدمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، وی سی جامعہ گوادر

**مرحوم نے اپنی تحریروں کے ذریعے نوجوانوں کو شعور، خودی اور شناخت کی راہ دکھائی، پروفیسر عبدالرزاق صابر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف گوادر میں معروف دانشور، ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی کی 99 ویں سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ان کی علمی خدمات، ادبی کارناموں اور تہذیبی ورثے کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خاص وائس چانسلر پروفیسر عبدالرزاق صابر تھے۔ اس موقع پر بلوچستان یونیورسٹی کے پروفیسر اور بلوچی زبان کے ممتاز ادیب پروفیسر اے آر داد، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم بخش مہر و دیگر نے بھی شرکت کی۔ وائس چانسلر نے اپنے خطاب میں کہا کہ سید ظہور شاہ ہاشمی کی علمی وادبی خدمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ ان کی تحریریں اور فکری جدوجہد آج بھی نوجوانوں کو شعور، خودی اور شناخت کی راہ دکھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان کی 99 ویں سالگرہ عقیدت و احترام سے منا رہے ہیں، اور ان کی 100 ویں سالگرہ یونیورسٹی شایان شان طریقے سے منائے گی، تقریب میں سید ہاشمی کی نظمیں اور نثری اقتباسات پیش کیے گئے۔ پروگرام کے اختتام پر وائس چانسلر نے پروفیسر اے آر داد کو ان کی علمی اور ادبی خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ پیش کی۔

## محکمہ خزانہ میں تمام تقرریاں میرٹ پر عمل میں لائی گئی ہیں، سیکرٹری

**اصلاحات کا عمل جاری ہے، محکمہ کو عالمی معیار کے مطابق جدید بنایا جا رہا ہے، عمران زرکون**

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری خزانہ عمران زرکون نے کہا ہے کہ محکمہ خزانہ میں اصلاحات کا عمل جاری ہے محکمہ خزانہ میں تقرریاں مکمل طور پر میرٹ پر کی گئیں۔ چیف فنانس آفیسرز اور جونیئر فنانس آفیسرز کی تقرریاں شفاف طریقے سے کی گئیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر خزانہ کی ہدایت پر شفاف طریقے سے تقرریاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 18 اعلیٰ تعلیم یافتہ ماہرین کی محکمہ خزانہ میں شمولیت سے گڈ گورننس میں بہتری آئے گی۔ سیکرٹری خزانہ نے کہا کہ بین الاقوامی جامعات سے فارغ التحصیل ماہرین شامل کیے گئے ہیں۔ بجٹ سازی میں شفافیت اور نظم و نسق کو فروغ دیا جائے گا۔ محکمہ خزانہ کو عالمی معیار کے مطابق جدید بنایا جا رہا ہے۔

## بلوچستان کی گاڑیوں کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجراء کا حتمی فیصلہ کرلیا گیا

**جدید فیچر کے حامل اسمارٹ کارڈ کے بعد پرانی وہیکل بک ختم کر دی جائے گی، سیکرٹری ایکسائز**

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے بلوچستان کی گاڑیوں کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجراء کا حتمی فیصلہ کرلیا دو ہفتوں کے دوران شہریوں کو گاڑیوں کے اسمارٹ کارڈ ملنا شروع ہو جائیں گے سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان سید ظفر علی بخاری نے بتایا ہے کہ بلوچستان کی گاڑیوں کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجرا کیلئے کراچی میں گورنمنٹ پرنٹنگ پریس سمیت دو اداروں سے معاہدہ ہوگیا ہے یہ ادارے بلوچستان کی گاڑیوں کے مالکان کو اسمارٹ کارڈ بنا کر دیں گے جدید فیچر کے حامل اسمارٹ کارڈ کے اجراء کے بعد پرانی وہیکل بک ختم کر دی جائے گی اسمارٹ وہیکل کارڈ کیلئے گاڑی کے مالک کو 2500 روپے کی ادائیگی کرنا ہوگی۔


MASHRIQ QUETTA


## محکمے کے زیر اہتمام علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈز 2025ء کی پروقار تقریب

**تقریب میں شعبہ ادب میں نمایاں خدمات انجام دینے والوں کو اسناد و نقد انعامات سے نوازا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ ثقافت، سیاحت و آثار قدیمہ حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام "علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈز برائے 2025" کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں سال 2019 اور 2020 کے دوران اردو، بلوچی، براہوئی، پشتو اور ہزارگی زبانوں میں نمایاں ادبی خدمات انجام دینے والے اہل قلم کو سرٹیفکیٹس اور نقد انعامات سے نوازا گیا تقریب کی میزبانی مشترکہ طور پر میر بہرام بلوچ، میر بہرام لہڑی، جہاں آراء تبسم اور محمد حسین ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

نے کی ایوارڈز کی تقسیم میں ایران کلچر سینٹر کوئٹہ کے ڈائریکٹر عبدالحسن میری نے بھی شرکت کی، جنہوں نے ہزارگی زبان کے انعامات تقسیم کیے تقریب میں بلوچستان کی معروف شخصیات جن میں قیوم بیدار، سیکرٹری عبداللہ خان، حسین بلوچ، آغا گل، عارف ضو زیارت وال، سردار جاوید اور ڈائریکٹر کلچر روحانہ مراد شامل تھے نے انعامات تقسیم کیے تقریب کے مہمان خصوصی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء و رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ تھے، جنہوں نے حکومت بلوچستان کی اس علمی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ اہل قلم معاشرے کی فکری رہنمائی کرتے اور ہم ایسے ہر قدم کی بھرپور حمایت کریں گے ڈپٹی ڈائریکٹر ثقافت محمد داؤد ترین نے ایوارڈز کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے اسے بلوچستان کی ادبی روایت کا تسلسل قرار دیا 2019 کے ایوارڈز کی تفصیل درج ذیل ہے

## آئی جی ایف سی ساؤتھ کی ہدایات ’سینڈک پروجیکٹ میں شاندار بلوچ ثقافتی تقریب

**تقریب میں پاکستانی اور چینی افسران سمیت معززین و بڑی تعداد میں مقامی افراد شریک**

**آخر میں معززین نے تفتان رائفلز ونگ 140 و ایف سی ساؤتھ کے افسران کا شکریہ ادا کیا**

نوکنڈی (نامہ نگار) آئی جی ایف سی ساؤتھ کی خصوصی ہدایات پر تفتان رائفلز ونگ 140 نے سینڈک پراجیکٹ میں ایک شاندار روایتی بلوچ ثقافتی تقریب کا انعقاد کیا اس تقریب میں پروجیکٹ پر کام کرنے والے پاکستانی اور چینی افسران ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سمیت قریبی کلیوں کے معززین اور بڑی تعداد میں مقامی افراد نے شرکت کی تقریب میں روایتی بلوچ رسہ کشی اور ڈھول کی پرفارمنس پیش کی گئیں، جنہوں نے شرکاء کو اپنی خوبصورتی اور جوش و خروش سے محظوظ کیا مقامی افراد نے تقریب میں بھرپور دلچسپی لیتے ہوئے اس اقدام کو سراہا اور اسے علاقے کیلئے ایک خوش آئند تفریحی موقع قرار دیا۔ شرکاء نے کہا کہ اس پروگرام نہ صرف مقامی ثقافت کے فروغ کا ذریعہ بلکہ ایک خوشگوار تفریح فراہم کر کے کمیونٹی میں خوشی اور اتحاد کا پیغام بھی دیا آخر میں معززین نے تفتان رائفلز ونگ 140 اور ایف سی ساؤتھ کے افسران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے دور افتادہ علاقوں میں ایسے مثبت سرگرمیوں کا انعقاد کر کے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔


CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 28 APR 2025 Page No. 6


## ہرنائی: نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ میں تعیناتی کے احکامات تقسیم

**تعلیم کے فروغ کیلئے اساتذہ اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے، ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ و دیگر**

ہرنائی (نامہ نگار) نئے تعینات اساتذہ میں تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کرنے کی مناسبت سے تقریب منعقد کی گئی مہمان خصوصی صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کے فوکل پرسن حاجی باز محمد خان دمڑ تھے ڈپٹی کمشنر ہرنائی حضرت ولی کاکڑ، عبدالناصر ترین ایڈوکیٹ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ہرنائی غلام حیدر ترین، ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ کھکرانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد سلیم ترین ودیگر نے ایس بی کے امیدواروں میں تعیناتی کے احکامات تقسیم کئے ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ ڈی ای او ودیگر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ ہمارے مستقبل کا ضامن ہیں جو مقدس پیشے سے منسلک ہو گئے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ اساتذہ اپنی تمام تر صلاحیتیں تعلیم کے فروغ کے لئے بروئے کار لائیں گے بند اسکول دوبارہ فعال اور تعلیمی سرگرمیاں بحال ہوں گی جو علاقے کیلئے خوش امر ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم کا شعبہ روزگار کا ذریعہ نہیں بلکہ ملک وقوم کی خدمت اور ایک مہذب معاشرے کی تعمیر کا ذریعہ ہے اگر اساتذہ اپنی ذمہ داریاں خلوص دل سے نبھائیں تو وہ معاشرے کی فکری، اخلاقی اور معاشرتی ترقی کے ضامن بن سکتے ہیں تقریب کے اختتام پر شرکاء کے اعزاز میں ریفریشمنٹ کا اہتمام بھی کیا گیا۔

## چمن کے راستے 41 ہزار مہاجر افغانستان واپس جا چکے، ڈی سی

**غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہریوں کیخلاف جلد کریک ڈاؤن ہوگا، حبیب بنگلزئی**

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی نے زیرو پوائنٹ پر افغان باشندوں کیلئے قائم ود ہولڈنگ کیمپ چمن کا دورہ کیا انہوں نے تمام سہولیات اور انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے کھانے پینے علاج و معالجہ اور دیگر سہولیات اور اٹھائے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ یکم اپریل سے اب تک 41 ہزار سے زائد افغان باشندے چمن بارڈر کے راستے واپس افغانستان جا چکے ہیں باقی علاقوں کی طرح چمن میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن شروع کر دیا گیا ہے افغانستان میں امن وامان قائم ہو چکا ہے تمام افغان باشندوں کو بڑی خوشی کیساتھ اپنے ملک جانا چاہیے۔

## ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا ڈپٹی کمشنر کیچ

**بشیر بڑیچ کا ترقیاتی منصوبوں کا دورہ، اربن پلاننگ کے حکام کی بریفنگ، جاری کام کا معائنہ کیا**

تربت (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے تربت شہر میں اربن پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کی زیر نگرانی جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اربن پلاننگ کے انجینئرز اور دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے شاہی تمپ کے مقام پر سڑکوں کی توسیع کے منصوبے کا معائنہ کیا اور جاری کام کی پیشرفت سے متعلق بریفنگ میں شرکت کی۔ انہوں نے منصوبے کو درپیش چیلنجز اور مسائل پر متعلقہ حکام سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر پلوں، کازوے اور سیوریج لائنز کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے اور کام کی موثر نگرانی ہر حال میں یقینی بنائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بعدازاں، ڈپٹی کمشنر بشیر احمد بڑیچ نے تربت سٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ اور محکمہ زراعت توسیعی کے حکام کو ڈی سی آفس تربت طلب کیا، جہاں ضلع کیچ میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی مفاد میں تمام ترقیاتی منصوبے بروقت اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کئے جائیں گے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

## تعطیلات میں اساتذہ کی کمی دور کرنے کیلئے اقدامات کرینگے، ڈی سی گوادر

**سائنس ٹیچرز کی تعیناتی کیلئے وقتی طور پر متعلقہ حکام سے بی ایڈ کی شرط سے استثنیٰ کی درخواست کی جائیگی، حمود الرحمن**

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ضلع بھر کے تعلیمی امور، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر زاہد حسین، پرنسپل گرلز ڈگری کالج سین بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر میر جان بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر (میل) عبدالوہاب مجید، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر (فیمیل) بلقیس سلیمان ودیگر نے نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں ایس بی کے کے تحت کامیاب اور کوالیفائیڈ اساتذہ کو تعیناتی کے نوٹیفکیشن جاری کرنے سے متعلق آگاہ کیا اور بتایا کہ گوادر صوبے کا پہلا ضلع ہے جس نے کامیاب امیدواروں کو تقرری کے احکامات جاری کیے ہیں۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر کے مختلف اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کے مسئلے پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ خاص طور پر سائنس اساتذہ کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے تجویز دی کہ مجاز اتھارٹی سے درخواست کی جائے گی کہ سائنس ٹیچرز کو بی ایڈ کی شرط سے وقتی طور پر مستثنیٰ قرار دیا جائے تاکہ تعیناتی کے بعد وہ اس قابلیت کو مکمل کر سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گرمیوں کی تعطیلات کے دوران اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کریٹیو اور کریٹیکل ریڈنگ کے فروغ کے لیے بھی متعلقہ حکام سے تبادلہ خیال کیا اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز سے آرا طلب کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے داخلہ مہم کے دوران نمایاں کارکردگی دکھانے والے اساتذہ کو تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔


Baakhabar Quetta


## کیوڈی اے میں اربوں کی مبینہ کرپشن پر تحقیقات کا آغاز، بدعنوان مافیا کے گرد شکنجہ سخت

**بڑے پیمانے پر گرفتاریوں کا امکان کیوڈی اے کرپشن اسکینڈل کی تحقیقات میں سنسنی خیز انکشافات**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) میں اربوں روپے مالیت کی مبینہ کرپشن اور بدعنوانیوں کا بھانڈا پھوٹنے کے بعد اعلیٰ سطحی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ معتبر ذرائع کے مطابق، سرکاری زمینوں کی اونے پونے داموں فروخت، غیر قانونی رہائشی وتجارتی اسکیمات کی منظوری، زمینوں کے الاٹمنٹ میں سنگین بے قاعدگیاں اور عوامی سہولتوں کی عدم فراہمی جیسے مسائل پر تحقیقاتی ادارے متحرک ہو گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایماندار اور فرض شناس افسران کو انتظامی عہدوں سے ہٹا کر کونے میں لگا دیا گیا تاکہ کرپٹ مافیا بے خوف ہو کر اپنے مکروہ عزائم کی تکمیل کر سکے۔ تحقیقات کے دوران یہ انکشاف بھی سامنے آیا ہے کہ بعض صوبائی تحقیقاتی اداروں کے افسران کی ملی بھگت سے بدعنوانی کو تحفظ فراہم کیا گیا، جس پر اعلیٰ حکام نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، اب تک متعدد اہم منصوبوں کے ریکارڈ قبضے میں لے لیے گئے ہیں جبکہ غیر قانونی الاٹمنٹ اور مالی بے ضابطگیوں کے شواہد بھی حاصل کر لیے گئے ہیں۔ تحقیقات کا دائرہ ان ٹھیکیداروں اور افسران تک بڑھایا جا رہا ہے جنہوں نے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا اور عوامی مفادات کو شدید دھچکا دیا


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 APR 2025 Page No. 7

## پشتونخوامیپ میں عوام کی شمولیت پارٹی کی درست سیاست کا نتیجہ ہے

زئی وخیلی، تنگ نظری اور غیروں کی سیاست کو ترک کرنا ہوگی، اس ملک بالخصوص پشتونخوا وطن میں عوام کی غم خوار اور عوام کی چوکیدار پارٹی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہے

جس نے ہروقت عوام کے شانہ بشانہ ان کے مسائل کو حل کرنے اور بالخصوص امن وامان، تعلیم، صحت، روزگار کے لیے بھرپور اقدامات کیے ہیں، حبیب الرحمن بازئی ودیگر

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ میں عوام کی شمولیت پارٹی کی درست سیاست کا نتیجہ ہے، زئی وخیلی، تنگ نظری اور غیروں کی سیاست کو ترک کرنا ہوگی، اس ملک بالخصوص پشتونخوا وطن میں عوام کی غم خوار اور عوام کی چوکیدار پارٹی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہے، جس نے ہر وقت عوام (بقیہ 12 صفحہ 2 پر)

کے شانہ بشانہ ان کے مسائل کو حل کرنے اور بالخصوص امن وامان، تعلیم، صحت، روزگار کے لیے بھرپور اقدامات کیئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوامیپ کے صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمن بازئی، تحصیل سیکرٹری نعیم خان علیزئی، سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی، محمد خان ترین، علاقائی سیکرٹری عبدالقادر موسیٰ خیل نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر سے مربوط سپین کاریز علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام شمولیت کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اس موقع پر عبداللہ خان کی قیادت میں 25 افراد نے جمعیت علماء اسلام سے مستعفی ہوکر پشتونخوامیپ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ مقررین نے شمولیت کرنیوالوں کو پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کے بلبوتے پارٹی کو منظم وفعال بنانے میں اپنا کردار ادا کرینگے اور جاری جدوجہد میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔ مقررین نے کہا کہ کوئٹہ شہر بالخصوص سپین کاریز کا علاقہ اور یہاں کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے پارٹی نے ہمیشہ آواز بلند کی ہے۔ سکولوں کی بندش، غیر فعالیت، بنیادی ہیلتھ مراکز اور ہسپتال میں ڈاکٹرز وادویات کی کمی، کھنڈرات پر مبنی سڑک کی صورتحال، بجلی کی عدم سہولت سمیت ہر مسئلے پر پارٹی وقتاً فوقتاً متعلقہ حکام کو آگاہ کرتی رہی ہیں تاکہ عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اپنے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں پارٹی کے قومی اہداف کے حصول کی جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں پارٹی کے ہر کارکن کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ عوام کی غیروں کی ذاتی مفادات کی سیاست اور عوامی حقوق کی سودابازی سے آگاہ کرے اور انہیں اپنی قومی سیاسی پارٹی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صفوں میں شامل کریں۔

## بلوچستان کے حقوق کیلئے بھی انشاءاللہ قوم کو متحد ومتحرک کرونگا

تاجروں نے ہڑتال میں ساتھ دیکر اتحاد و یکجہتی کی فضا بنا کر اسرائیل اور امریکی مظالم کے خلاف عالمی سطح پر پوری قوم کا سرفخر سے بلند کر دیا

حکمرانوں مقتدر قوتوں کو مسائل کے حل عوام کو حقوق کی فراہمی کیلئے اپنا سمت ورویہ تبدیل کرنا ہوگا، جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا ہدایت الرحمن

کوئٹہ (اے این این) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ تاجروں نے ہڑتال میں ساتھ دیکر اتحاد و یکجہتی کی فضا بنا کر اسرائیل اور امریکی مظالم کے خلاف عالمی سطح پر پوری قوم کا سرفخر سے بلند کر دیا بلوچستان کے حقوق کیلئے بھی انشاءاللہ قوم کو متحد ومتحرک کرونگا حکمرانوں مقتدر قوتوں کو مسائل کے حل عوام کو حقوق کی فراہمی کیلئے اپنا سمت ورویہ تبدیل کرنا ہوگا۔ لاپتہ (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

افراد کی بازیابی، سی پیک کے ثمرات کے حصول ترقی وخوشحالی کیلئے اور ظلم کے خلاف ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ اسمبلی کے اندر اور باہر ہر عوام کے حقوق کے حصول، لاپتہ افراد کی بازیابی اور اسٹبلشمنٹ وحکمرانوں کی لوٹ مار مظالم کے خلاف عوامی مزاحمت جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دفتر میں اجلاس اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ حکمرانوں واسٹبلشمنٹ کو حقوق کے حصول کیلئے اُٹھنے والی عوامی جمہوری آواز دبانے، بلاوجہ کے اختلاف کرنے کے بجائے ایمانداری سے کارکردگی بہتر کرنے پر توجہ دینا چاہیے عوام کا حکومتوں کی کارکردگی سے مطمئن نہ ہونا تشویشناک صورتحال ہے موجودہ حکومت نے مہنگائی، بے روزگاری، قرضوں کے حصول میں سابقہ حکومتوں کو بہت پیچھے چھوڑ دیا بدقسمتی سے حکومت کارکردگی بہتر کرنے اور عوام کو مطمئن کرنے کے بجائے اپنے آقاؤں مقتدر قوتوں اسٹبلشمنٹ کو مطمئن کرنے پر زور دے رہی ہے جو لمحہ فکریہ ہے۔ عوام کے جگر گوشے لاپتہ، انسانی حقوق، روزگار، کاروبار سے عوام محروم اور جمہوری احتجاج پر پابندی ہے حکومت واسٹبلشمنٹ نے ہر فورم پر عوام کو مایوس کیا ہے عوام کی جان ومال غیر محفوظ روزگار برائے فروخت، میامار بند، روزگار ناپید، بدترین مہنگائی کی وجہ سے عوام کی قوت خرید بہت زیادہ متاثر اور ان کے مشکلات میں بدترین اضافہ ہوا ہے حکومت کی بدترین وخراب کارکردگی کی وجہ سے ان کے اتحادی اور حکومت کے سپورٹرز بھی غیر مطمئن ہیں حکومت اپنی سمت درست کرتے ہوئے کارکردگی بہتر کرنے پر زور دیں عوامی احتجاج پر پابندی، احتجاج کرنے والوں کو پابند سلاسل کرنے سے کارکردگی بہتر نہیں ہوسکتی۔ لوگوں کو لاپتہ کرنے، مہنگائی وبے روزگاری سے عوام کو بہت زیادہ پریشان کردیا ہے عوام اپنے جگرگوشوں، روزگار سمیت دووقت کھانے کیلئے پریشان ہیں کم آمدنی والوں نے اب علاج وتعلیم کے بارے میں سوچنا بھی چھوڑ دیا ہے بس انہیں دووقت کا کھانا عزت سے مل جائے بہت ہے دوسری طرف سرکاری ہسپتال وتعلیمی ادارے تباہ ہوئے ہیں عوام کو تعلیمی اداروں میں بہتر معیاری تعلیم اور صحت کے اداروں میں علاج کی سہولتیں نہیں مل رہی جو لمحہ فکریہ ہے عوام ان پریشان حالت میں کیا کریں جماعت اسلامی نے انہی تباہ کن صورتحال کو دیکھتے ہوئے لاپتہ افراد کی بازیابی، حقوق کے حصول، مہنگائی بدعنوانی وبدامنی اور بے روزگاری کے خلاف عوامی مہم شروع کر رکھی ہے انشاءاللہ اس مہم سے حکومت خواب غفلت سے بیدار ہوکر عوام کی طرف توجہ دیں گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 APR 2025 Page No. 8

# حکمرانوں کو حقوق کی فراہمی کیلئے رویہ تبدیل کرنا ہوگا' مولانا ہدایت الرحمان

## حکومتی اتحادی و سپورٹرز بھی غیر مطمئن حکمران اپنی کارکردگی بہتر بنائیں' امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ تاجروں نے ہڑتال میں ساتھ دیکر اتحاد و یکجہتی کی فضاء قائم کر کے اسرائیل اور امریکی مظالم کے خلاف عالمی سطح پر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا بلوچستان کے حقوق کیلئے بھی انشاء اللہ قوم کو متحد و متحرک کریں گے حکمران مقتدر قوتوں کو مسائل کے حل اور عوام کو حقوق کی فراہمی کیلئے اپنا سمت و رویہ تبدیل کرنا ہوگا لاپتہ افراد کی بازیابی ، بی پیک ........

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کے ثمرات کے حصول ترقی وخوشحالی اور ظلم کے خلاف ہماری جدو جہد جاری رہے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دفتر میں اجلاس اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو حقوق کے حصول کیلئے اُٹھنے والی عوامی جمہوری آواز دبانے ، بلاوجہ اختلاف کرنے کی بجائے کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دینا چاہئے عوام کا حکومتوں کی کارکردگی سے مطمئن نہ ہونا تشویشناک صورتحال ہے موجودہ حکومت نے مہنگائی ، بے روزگاری ، قرضوں کے حصول میں سابقہ حکومتوں کو بہت پیچھے چھوڑ دیا بدقسمتی سے حکومت کارکردگی بہتر اور عوام کو مطمئن کرنے کی بجائے اپنے آقاؤں ، مقتدر قوتوں کو مطمئن کرنے پرزور دے رہی ہے جولمحہ فکریہ ہے عوام کے جگر گوشے لاپتہ ، انسانی حقوق ، روزگار ، کاروبار سے عوام محروم ہیں حکومت نے ہر فورم پر عوام کو مایوس کیا ہے عوام کی جان و مال غیر محفوظ روزگار برائے فروخت ، بارڈرز بند ، بدترین مہنگائی کی وجہ سے عوام کی قوت خرید بہت زیادہ متاثر اور ان کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 28 APR 2025 Page No. 7

## ڈی ایم جمالی' ہندو تاجر کے اغواء کیخلاف سندھ بلوچستان قومی شاہراہ بلاک

### مغوی کی بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے' دھرنا سے تاجر رہنماؤں کا خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے ہندو تاجر کے اغواء کے خلاف تاجر برادری کا شدید احتجاج ڈی سی چوک پر دھرنا قومی شاہراہ بلاک 'تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب منگولی پولیس تھانے کی حدود گوٹھ گنو ہر کے قریب مسلح 8 افراد نے مشہور ہندو تاجر سیتل کمار کو اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے جس پر تاجر برادری سراپا احتجاج ہے چوبیس ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گھنٹے گزرنے کے باوجود مغوی تاجر کی عدم بازیابی پر اتوار کیو ڈیرہ مراد جمالی میں تاجروں نے شدید احتجاج کیا اور ڈی سی چوک پر دھرنا دیکر قومی شاہراہ بلاک کر دی جس کے باعث سندھ اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک معطل ہوگئی مظاہرین نے پولیس کو اٹھارہ گھنٹے کا الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا کہ مغوی کی بحفاظت بازیابی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر ڈیرہ مراد جمالی میں غیر معینہ مدت کیلئے احتجاج کریں گے۔

## کچلاک سے تین روز قبل لاپتہ ہونے والے نعش برآمد

### پولیس کو نعش جلوگیر کے پہاڑوں سے ملی قتل کی وجہ معلوم نہ ہوسکی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں تین روز قبل لاپتہ ہونیوالے نوعمر لڑکے کی نعش کو پولیس نے تلاش کرلیا، نعش جلوگیر کے پہاڑوں سے برآمد ہوئی فوری طور پر قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی، نعش کو پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا

## سبی اور ڈھاڈر میں دستی بم و کریکر دھماکے خوف و ہراس

### سبی میں لائیو سٹاک کے دفتر کے قریب کی آواز دور تک سنائی دی، شہری سہم گئے

### ڈھاڈر پولیس لائن پر نامعلوم ملزمانکا دستی بم حملہ، فورسز حرکت میں آگئیں

کوئٹہ (آن لائن) سبی اور ڈھاڈر میں دستی بم اور کریکر دھماکوں کے نتیجے میں علاقوں میں خوف و ہراس پھیل گیا تاہم جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب بلوچستان کے علاقے ڈھاڈر پولیس لائن پر نامعلوم ملزمان نے دستی بم پھینکا جو پولیس لائن کے احاطے میں گر کر زور دار دھماکے......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سے پھٹ گیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی اسی طرح سبی کے علاقے لائیوسٹاک کے دفتر کے قریب کریکر دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ کر کارروائی شروع کردی۔

INTEKHAB QUETTA

## پسنی میں بم دھماکہ 2 افراد جاں بحق ایک زخمی

### شہر کے مسکان چوک قبرستان کے قریب کار کو نشانہ بنایا گیا، سلمان اور محمد نواز نامی شخص موقع پر ہی جاں بحق

### اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز اور امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں، علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد جمع کیے

پسنی (انتخاب نیوز) پسنی میں شام تقریباً 7 بج کر 50 منٹ پر پسنی شہر کے مسکان چوک قبرستان کے قریب ایک پاکستانی کرولا آلٹس گاڑی کو بم دھماکے کا نشانہ بنایا گیا۔ پولیس ذرائع دھماکہ شدید نوعیت کا تھا جس کے نتیجے میں گاڑی میں موجود دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ جاں بحق اور زخمی افراد کی شناخت درج ذیل بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

ہے: جاں بحق افراد: 1 سلمان ولد منیر احمد، ساکن وارڈ نمبر 1 بیر شور، پسنی۔ 2 محمد نواز ولد محمد اعظم، ساکن حکیم والا، نزد چورنگی، جوہر آباد خوشاب۔ زخمی: 1 شاہ نظار ولد حلیم، ساکن وارڈ نمبر 7، پسنی۔ واقعے کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز اور امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکھٹے کیے جا رہے ہیں جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

## سبی میں لائیو اسٹاک آفس کے قریب کریکر دھماکہ، کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا

سبی (یو این اے) سبی شہر میں لائیو اسٹاک آفس کے قریب ایک زوردار کریکر دھماکہ ہوا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ خوش قسمتی ہے، دھماکے کے نتیجے میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی آواز سن کر علاقے میں موجود لوگوں میں اضطراب پھیل گیا، تاہم فوری طور پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دھماکے کی نوعیت کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

## پولیس لائن ڈھاڈر پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) پولیس لائن ڈھاڈر پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق پولیس لائن ڈھاڈر پر نامعلوم افراد نے دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم خوش قسمتی سے دھماکے کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری نے جائے وقوعہ پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لینے کے بعد شواہد اکھٹے کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

## پولیس تھانہ سٹی کی کامیاب کارروائی، مفرور ملزم گرفتار

نوشکی (آن لائن) پولیس تھانہ سٹی کی کامیاب کارروائی، مفرور ملزم گرفتار ایس پی نوشکی محمد ہاشم مہمند کی خصوصی ہدایات اور ڈی ایس پی نوشکی محمد شریف بڑیچ کی زیرنگرانی، ایس ایچ او تھانہ سٹی نوشکی محمد حسن مینگل بمعہ اے ایس آئی ظہیر احمد، کانسٹیبل اللہ بخش اور کانسٹیبل نعمت اللہ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ کارروائی بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

کے دوران پولیس تھانہ سٹی نوشکی کے مقدمہ نمبر 21/2025 بجرم دفعات 337-AIII، 34 تعزیرات پاکستان میں مطلوب مفرور ملزم محمد عرفان ولد امام بخش سکنہ کیشنگی کو گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے اور اہم انکشافات متوقع ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس نوشکی عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

## دالبندین، نامعلوم افراد دکان سے 20 ہزار کا سامان لے اڑے

چاغی (آئی این پی) دالبندین عرب ہسپتال کے سامنے نامعلوم چوروں نے رشید احمد نامی کے دکان پر بیس ہزار کے سامان لیس گئے عوامی حلقوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا بازار کے دکانداروں کو تحفظ فراہم کریں انہوں نے کہا دن دھاڑے بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

غریب دوکان دار محفوظ نہیں ہے دالبندین ایس ایچ او سے گزارش ہے کہ جلد از جلد اقدام اٹھائے اگر چوروں کو قابو نہ کیا گیا ہم دیگر دکانداروں کے ہمراہ ہوکر روٹ بلاک کرینگے آئے روز دن کو بھی چوری کے واردات پیش آتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 APR 2025 Page No. 10


## سیٹلائٹ ٹاؤن میں نکاسی آب کا نظام درہم برہم، عوام کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن میں نکاسی آب کا نظام درہم برہم اہل علاقہ نے بتایا کہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں جہاں صفائی کی صورتحال دگرگوں ہے وہیں نکاسی آب کا نظام بھی مفلوج ہوکررہ گیا ہے علاقہ مکینوں نے بتایا کہ سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک 3 اور چار میں نالیوں کا گندا پانی سڑک پر بہتا رہتا ہے جسکی وجہ سے لوگوں خصوصاً نمازیوں کو مسجد آنے جانے میں بھی مشکل ہے اور کپڑے بھی ناپاک ہوجاتے ہیں انہوں نے حکام سے اپیل کی کہ وہ صورتحال کا نوٹس لیں۔

## کلی مبارک کے مکین مختلف مسائل کا شکار، حکام فوری نوٹس لیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کلی مبارک میں صفائی کی صورتحال ابتر تجاوزات کی بھر مار لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق کلی مبارک میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناگفتہ بہ ہے نالیاں بند ہونے کی وجہ سے پانی سڑک پر بہتا رہتا ہے جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے شدید بدبو اور تعفن پھیل رہا ہے امراض پھیلنے کا بھی خدشہ ہے دوسری جانب تجاوزات کی بھر مار ہے دکانداروں اور ریڑھی بانوں نے تنگ سڑکوں کے دونوں اطراف قبضہ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کا پیدل چلنا بھی محال ہوکررہ گیا ہے جبکہ گاڑیوں کا گزرنا بھی دشوار ہوگیا ہے اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور علاقے میں صفائی کی صورتحال بہتر اور تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## قصابوں نے سرکاری نرخ نامہ ہوا میں اڑا دیا، من مانی قیمتوں پر گوشت کی فروخت جاری

### چھوٹا گوشت 2100 روپے فی کلو، بڑا 1500، مرغی 570 اونٹ 1600 میں فروخت ہونے لگا

### ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی خاموشی نے گوشت کی قیمتوں کو آسمان تک پہنچا دیا ہے، عوام کی شکایت

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اتوار کو گوشت کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ چھوٹا گوشت 2100 روپے فی کلو، بڑا گوشت 1500 روپے فی کلو، مرغی کا گوشت 570 روپے فی کلو، اور اونٹ کا گوشت 1600 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔ سرکاری ریٹ اس سے کئی گنا کم ہونے کے باوجود چیک اینڈ بیلنس کی کمی کی وجہ سے کوئٹہ شہر میں من مانی قیمتوں پر گوشت کی فروخت جاری ہے، جس سے عام شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ضلع انتظامیہ اور پرائس کمیٹی کی خاموشی نے گوشت کی قیمتوں کو آسمان تک پہنچا دیا ہے، جبکہ اشیا خورد ونوش کی قیمتیں پہلے ہی بلند ہیں۔ اس مصنوعی مہنگائی کے سبب عام آدمی اور مزدوروں کی زندگی مزید مشکلات کا شکار ہو چکی ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور پرائس کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس اہم مسئلے کی طرف فوری توجہ دیں اور چیک اینڈ بیلنس کو یقینی بنائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 APR 2025 Page No. 11

# مذہب کی آڑ میں دہشتگردی کا گھناؤنا کھیل

جاوید اقبال

دہشت گردی سے پاک اور امن وامان کے قیام کے لحاظ سے مثالی معاشرے آج معاشی ترقی کے میدان میں پوری دنیا پر حکمرانی کر رہے ہیں۔ معاشی ترقی اور امن وامان کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ کوئی بھی ایسا ملک جو جتنی مرضی قدرتی وسائل سے مالا مال کیوں نہ ہو جب تک امن قائم نہیں ہوگا معاشی ترقی کا خواب پورا نہیں ہو سکتا۔ وطن عزیز میں جاری دہشت گردی کی لہر کا جائزہ لیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو چکی ہے کہ منظم سازش کے تحت ان علاقوں کو چن چن کر ٹارگٹ کیا جاتا ہے جہاں غیر ملکی سرمایہ کاری کے ذریعے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے حکومتی سطح پر کوشش کی جاتی ہے۔ اس میں زیر زمین معدنیات سے لے کر سی پیک کے منصوبے شامل ہیں اس وقت بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کا گٹھ جوڑ غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے دہشت گردوں کا مقصد بم دھماکوں اور تخریبی کاروائیوں کے ذریعے سے ایسا ماحول پیدا کرنا کہ بین الاقوامی سرمایہ کاری کے تمام راستے بند ہو جائیں اس مقصد کے لیے یہ کسی بھی حد کو جانے کے لیے تیار ہے۔ دہشت گرد اسلام کا نام استعمال کر کے لوگوں کو بے وقوف بناتے ہیں یہ لوگ اسلام کے نام پر بدنما داغ ہے یہاں تک کہ دہشت گردی کے ناپاک کام کے لیے مساجد کے تقدس اور احترام کو بھی پامال کرنے کو کوئی عار نہیں سمجھتے۔ مسجدیں مسلمانوں کے لیے عبادت، تعلیم, اتحاد، امن اور روحانیت کی علامت ہیں۔ مساجد کے احترام اور تقدس کے بارے میں سورہ حج کی آیت نمبر 25 میں اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہیں اور (لوگوں کو) خدا کے راستے سے اور مسجد محترم سے جسے ہم نے لوگوں کے لیے یکساں (عبادت گاہ) بنایا ہے روکتے ہیں خواہ وہ وہاں رہنے والے ہوں یا باہر سے انے والے اور جو اس میں شرارت سے کج روی (و کفر) کرنا چاہتے ہیں اس کو ہم درد دینے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گے ہمارا مذہب اپنے ماننے والوں کو امن و اشتی کا درس دیتا ہے لیکن بدقسمتی سے یہ جنگجو اسے سازش اور خوف کی جگہ میں تبدیل کرنے میں لگے ہوئے ہیں دہشت گرد اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اللہ کے گھر کو شرپسند کارروائیوں کے لیے استعمال کرتے ہیں، جو کہ معاشرتی امن کے لیے خطرہ ہے۔

دہشت گرد دین کی غلط تشریح کرتے ہیں اور لوگوں کو اپنے نظریات کی طرف مائل کرتے ہیں۔ مساجد کا احترام کرنے کے بجائے، خوارج انہیں کمانڈ سینٹرز اور پناہ گاہوں کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ان سرگرمیوں کے دوران خوارج نمازیوں کو مساجد میں داخل ہونے سے روکتے ہیں۔ یہ مساجد اسلام کی حرمت کی براہ راست توہین ہے۔ خوارج مذہب کو ڈھال کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور اسلامی اصولوں کا کوئی احترام نہیں کرتے۔ وہ اسلامی اقدار کو عمل کرنے کے لیے نہیں بلکہ بقا کے لیے ان میں ہیرا پھیری کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہ بزدلی ہے، جہاد نہیں۔ خوارج ایک سیاہ داغ ہیں جو اپنے گھناؤنے اعمال سے اسلام کی شبیہ کو داغدار کرتے ہیں۔ یہ جانتے ہوئے کہ پاکستان آرمی اور ریاستی ادارے مذہبی تقدس کا احترام کرتے ہیں، یہ عسکریت پسند اس احترام کو ایک ڈھال کے طور پر استعمال کرتے ہیں مقامی لوگوں کو اس سلسلے میں اگے انا چاہیے اور جن علاقوں میں مساجد کی حرمت اور تقدس کو یہ دہشت گرد پامال کرتے ہیں وہاں ان کے خلاف متحدہ محاذ بنائیں علماء کو فتوے کے ذریعے ان غیر اسلامی اعمال کو بے نقاب کرنا چاہیے۔ بعض اوقات، یہ خوارج سیکیورٹی فورسز کے اپریشن کے دوران مساجد میں پناہ لیتے ہیں اور بعد میں سکیورٹی فورسز کے خلاف مسجد کی حرمت کا احترام نہ کرنے کا پروپگنڈا کرتے ہیں۔ خوارج لعنت ہیں اور اور وطن عزیز کی بہادر افواج عوام کے بھرپور تعاون سے اس فتنے کو ختم کر دم لیں گے۔ اس صورتحال میں سب سے بڑی ذمہ داری علماء اور سیاسی لیڈروں پر عائد ہوتی ہے کہ وہ عوام کے سامنے دہشت گردوں کے مکروہ چہرے سے پردہ اٹھائیں ک اسلام کے نام کو کس طریقے سے اپنی منفی سرگرمیوں کے لیے استعمال کرتے ہیں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی ادارے بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور بڑی بہادری سے دہشت گردی کے چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں لیکن اس ناسور کا مقابلہ صرف فوجی اپریشن کے ذریعے ممکن نہیں ہے اس جنگ میں ریاست پاکستان کے تمام اداروں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اگر ہر ادارہ اور اس کا ہر فرد اج سے اس بات کا تہیہ کر لیں کہ جس کردار کی ان کو ذمہ داری سونپی گئی ہے وہ اس کو خلوص نیت سے اور جذبے کے ساتھ سرانجام دیں تو وہ دن دور نہیں جب دہشت گردی کے ناسور سے پاک معاشرے کا ہمارا خواب حقیقت بن سکے۔